الحباب
alhubab
منگل، 15 مارچ 2022

# کلیات فارسی راجہ چندولال شادان کی اشاعت و اجراء

حیدرآباد (پریس نوٹ) دکن کی سرزمین کے مشہور و معروف شاعر چندو لعل شادان کی "کلیات فارسی راجہ چندو لعل شادان" کی اشاعت عمل میں آئی ہے۔ اس کی ترتیب و تدوین پروفیسر شیخ اشتیاق احمد، رجسٹرار مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی نے کی ہے۔ چندو لعل شادان اردو اور فارسی کے شاعر تھے اور صاحب تصانیف بھی۔ ان کے فارسی دیوان کے دو ضخیم مخطوطے سالار جنگ میوزیم میں محفوظ ہیں جن کی ابھی تک اشاعت نہیں ہوئی تھی۔ یہ دونوں دیوان نعت، منقبت، غزلیات، رباعیات اور مثنویات پر مشتمل ہیں اور یہ کلیات اسی پر مشتمل ہے۔ 268 صفحات پر مشتمل کلیات جوار بھگاری اندرا دیوی دھن راج گیر کی سرپرستی میں منظر عام پر آیا ہے اور پروفیسر سید عین الحسن عابدی، شیخ الجامعہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد کے نام معنون ہے۔ اسے مقدمہ کے ساتھ تنویر پبلشر، حیدرآباد سے جنوری 2022 میں شائع کیا گیا ہے۔

شعبۂ فارسی، مانو کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے دکن کی مشہور و معروف شخصیت راجہ دھن راج گیر سے موسوم دوسرے یادگاری خطبہ 16 مارچ 2022 کو 12:00 بجے دن آئی ایم سی اسٹوڈیو میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس لیکچر کے موقع پر اس کلیات کا رسم اجرا عمل میں آ رہا ہے۔ اس کے علاوہ یادگاری خطبہ کے موقع پر پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی کی ایک اور کتاب "فارسی دیوان طالوی" کا رسم اجرا بھی عمل میں آئے گا۔

الحباب
alhubab
منگل، 15، مارچ 2022

# اسماء سلطانہ کو مینجمنٹ میں پی ایچ ڈی



حیدرآباد (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ مینجمنٹ و کامرس کی اسکالر اسماء سلطانہ دختر محمد عارف (مرحوم) کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ "کیش لیس (بلا نقدی) معیشت کی طرف گاہکوں کا ادراک۔ ادائگی تکنیکوں کا مطالعہ" ڈاکٹر شیخ قمر الدین، اسسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 3 فروری 2022 کو منعقد ہوا تھا۔

Aadaab Telangana, 15-03-2022

# آج مانو ماڈل اسکول فلک نما میں قومی سمینار کا انعقاد

## بعنوان "بدلتے ہوئے منظر نامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل، چیلنجز اور امکانات"

حیدرآباد۔14 مارچ (ایجنسیز) قومی سمینار کے کوارڈ نیٹر ڈاکٹر فہیم اشرف کی اطلاع کے بموجب مولانا آزاد اُردو یونیورسٹی ماڈل اسکول بہ اشتراک قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کی جانب سے ایک روزہ قومی سمینار "بدلتے ہوئے منظر نامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل، چیلنجز اور امکانات بتاریخ 15 مارچ بروز منگل بوقت 11 بجے دن تا 5 بجے شام بمقام سمینار ہال مانو ماڈل اسکول فاطمہ نگر فلک نما حیدرآباد میں منعقد ہوگا۔ بعدازیں دو اہم تکنیکی اجلاس ہوں گے۔ اختتامی پروگرام شام چار بجے منعقد ہوگا جس میں شرکاء کو توصیفی اسنادات دیے جائیں گے۔ یہ سمینار کورونا عالمی وبا سے متاثر تعلیمی نظام اور حالیہ منظر نامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل ووسائل کو دلائل کی روشنی میں سمجھنے اور انہیں منظم، محکم اور مثبت انداز میں حل کرنے میں معاون ثابت ہوگا اور اس قومی سمینار کی صدارت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن کریں گے۔ مہمان ذی وقار پروفیسر ایس.ایم. رحمت اللہ نائب شیخ الجامعہ مانو، مہمان خصوصی پروفیسر ایس ۔ کے ۔ اشتیاق احمد رجسٹرار مانو، پروفیسر فاروق بخشی اختتامی اجلاس کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر فیض احمد پرنسپل مانو سی ای ٹی دربھنگہ، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی ڈائرکٹر CPDUMT مانو حیدرآباد، ڈاکٹر آلوک کمار گپتا، ریجنل ڈائرکٹر NIOS حیدرآباد، ڈاکٹر ارشد خان پرنسپل مانو ماڈل اسکول نوح، ہریانہ، ڈاکٹر مظفر اسلام پرنسپل ماڈل اسکول دربھنگہ، احمد منیب اُردو آفیسر وزرات تعلیم حکومت تلنگانہ شرکت فرمائیں گے۔ استقبالیہ اور افتتاحی کلمات سمینار کنوینر ڈاکٹر کفیل احمد پرنسپل ماڈل اسکول پیش کریں گے۔ شہر حیدرآباد اور بیرون حیدرآباد سے بڑی تعداد میں مقالہ نگار حضرات اپنے تحقیقی مقالے پیش کریں گے۔

Aadaab Telangana,
15-03-2022

# اسماء سلطانہ کو مینجمنٹ میں پی ایچ ڈی



حیدرآباد 14/ مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ مینجمنٹ و کامرس کی اسکالر اسماء سلطانہ دختر محمد عارف (مرحوم) کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ''کیش لیس (بلا نقدی) معیشت کی طرف گاہکوں کا ادراک۔ ادائیگی بینکوں کا مطالعہ'' ڈاکٹر شیخ قمرالدین، اسسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 3/ فروری 2022 کو منعقد ہوا تھا۔

Sada-e-Hussaini, 15-3-2022

# 15 مارچ کو مانو ماڈل اسکول فلک نما حیدرآباد میں قومی سیمینار کا انعقاد

## بعنوان "بدلتے ہوئے منظر نامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل، چیلنجز اور امکانات"

حیدرآباد ۔ 14 مارچ (سرفراز نیوز ایجنسی)۔ قومی سیمینار کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر فہیم اشرف کی اطلاع کے بموجب مولانا آزاد اردو یونیورسٹی ماڈل اسکول بہ اشتراک قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کی جانب سے ایک روزہ قومی سیمینار "بدلتے ہوئے منظر نامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل، چیلنجز اور امکانات" بتاریخ 15 مارچ بروز منگل بوقت 11 بجے دن تا 5 بجے شام تک بمقام سیمینار ہال مانو ماڈل اسکول فاطمہ نگر فلک نما حیدرآباد میں منعقد ہوگا بعد ازیں اس کے دو اہم تکنیکی اجلاس ہوں گے۔ اختتامی پروگرام شام چار بجے منعقد ہوگا جس میں شرکاء کو توصیفی اسنادات دیے جائیں گے۔ یہ سیمینار کرونا عالمی وبا سے متاثر تعلیمی نظام اور حالیہ منظر نامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل و وسائل کو دلائل کی روشنی میں سمجھنے اور انہیں منظم، مستحکم اور مثبت انداز میں حل کرنے میں معاون ثابت ہوگا اور اس قومی سیمینار کی صدارت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن صاحب فرمائیں گے۔ مہمان ذی وقار پروفیسر ایس. ایم. رحمت اللہ نائب شیخ الجامعہ مانو، مہمان خصوصی پروفیسر ایس۔ کے۔ اشتیاق احمد رجسٹرار مانو، پروفیسر فاروق بخشی اختتامی اجلاس کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ مہمان اعزازی پروفیسر فیض احمد پرنسپل مانو سی ٹی ای دربھنگہ، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی ڈائرکٹر CPDUMT مانو حیدرآباد، ڈاکٹر آلوک کمار گپتا، ریجنل ڈائرکٹر NIOS حیدرآباد، ڈاکٹر ارشد خان پرنسپل مانو ماڈل اسکول نوح، ہریانہ، ڈاکٹر مظفر اسلام پرنسپل ماڈل اسکول دربھنگہ، احمد غیب اردو آفیسر وزارت تعلیم حکومت تلنگانہ شرکت فرمائیں گے۔ استقبالیہ اور افتتاحی کلمات سیمینار کنوینر ڈاکٹر کفیل احمد پرنسپل ماڈل اسکول پیش کریں گے۔ شہر حیدرآباد اور بیرون حیدرآباد سے بڑی تعداد میں مقالہ نگار حضرات اپنے تحقیقی مقالے پیش کریں گے۔

Sada-e-Hussaini, 15-03-2022

# کلیات فارسی راجہ چندولال شادان کی اشاعت واجراء

حیدرآباد، 14/ مارچ (پریس نوٹ) دکن کی سرزمین کے مشہور و معروف شاعر چندولعل شادان کی "کلیات فارسی راجہ چندولعل شادان" کی اشاعت عمل میں آئی ہے۔ اس کی ترتیب و تدوین پروفیسر شیخ اشتیاق احمد، رجسٹرار، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی نے کی ہے۔ چندولعل شادان جو اردو اور فارسی کے شاعر بھی تھے صاحب تصانیف بھی۔ ان کے فارسی دیوان کے دو ضخیم مخطوطے سالار جنگ میوزیم میں محفوظ ہیں جن کی ابھی تک اشاعت نہیں ہوئی تھی۔ یہ دونوں دیوان نعت، منقبت، غزلیات، رباعیات اور مثنویات پر مشتمل ہیں اور یہ کلیات اسی پر مشتمل ہے۔ 268 صفحات پر مشتمل دیوان جو راجہ بھاری اندرا دیوی دھن راجگیر کی سرپرستی میں منظر عام پر آیا ہے اور پروفیسر سید عین الحسن عابدی، شیخ الجامعہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد کے نام معنون ہے۔ اسے مقدمہ کے ساتھ تنویر پبلشر، حیدرآباد سے جنوری 2022 میں شائع کیا گیا ہے۔ شعبۂ فارسی، مانو کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے دکن کی مشہور و معروف شخصیت راجہ دھن راجگیر سے موسوم دوسرے یادگاری خطبہ 16 مارچ 2022 کو 12:00 بجے دن آئی ایم سی اسٹوڈیو میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اس لیکچر کے موقع پر اس کلیات کا رسم اجرا عمل میں آرہا ہے۔ اس کے علاوہ یادگاری خطبہ کے موقع پر پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی کی ایک اور کتاب "فارسی دیوان ملا وجہی" کا رسم اجرا بھی عمل میں آئے گا۔

Sada-e-Hussaini, 15-03-2022

# اسماء سلطانہ کو مینجمنٹ میں پی ایچ ڈی

حیدرآباد 14 / مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ مینجمنٹ و کامرس کی اسکالر اسماء سلطانہ دختر محمد عارف (مرحوم) کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ''کیش لیس (بلا نقدی) معیشت کی طرف گاہکوں کا ادراک۔ ادائیگی چینلوں کا مطالعہ'' ڈاکٹر شیخ قمر الدین، اسسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 3 / فروری 2022 کو منعقد ہوا تھا۔

Tulway Sahar, 15-03-2022

# "شمس الرحمن فاروقی۔شخص اور عکس"

## مانو میں قومی سیمینار۔ پروفیسر عتیق اللہ کا کلیدی خطبہ

حیدرآباد، 14/ مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اردو کے زیر اہتمام قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے مالی تعاون سے 15 تا 17 مارچ 2022 سہ روزہ قومی سیمینار "شمس الرحمن فاروقی۔ شخص اور عکس" کا انعقاد کیا جائے گا۔ سیمینار کا افتتاحی اجلاس 15 مارچ کو سہ پہر 3 بجے آئی ایم سی اسٹوڈیو میں ہوگا جس میں ممتاز نقاد، دانشور پروفیسر عتیق اللہ، سابق صدر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی کلیدی خطبہ پیش کریں گے۔ افتتاحی جلسے کی صدارت یونیورسٹی کے شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن کریں گے۔ یونیورسٹی کے نائب شیخ الجامعہ پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ مہمان اعزازی ہوں گے جبکہ سابق ڈین اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات پروفیسر محمد نسیم الدین فریس بہ طور مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔ موجودہ ڈین، ایس ایل ایل آئی، مانو پروفیسر عزیز بانو مہمان ذی وقار ہوں گی۔ اس سیمینار میں پروفیسر زماں آزردہ، پروفیسر مسعود سراج، پروفیسر قدوس جاوید، پروفیسر صغیر افراہیم، پروفیسر مجید بیدار، پروفیسر ارتضی کریم، پروفیسر ابن کنول، جناب راہی فدائی، پروفیسر احمد محفوظ، پروفیسر خالد جاوید، پروفیسر اسلم جمشید پوری، پروفیسر فضل اللہ مکرم، ڈاکٹر اسد ثنائی، ڈاکٹر اشعر نجمی، جناب انیس صدیقی کے علاوہ یونیورسٹی کے اساتذہ اسکالرز مقالے پیش کریں گے۔ صدر شعبۂ اردو، مانو پروفیسر فاروق بخشی کے استقبالیہ کلمات ہوں گے جب کہ نظامت شعبے کے استاد و کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ابوشہیم خان کریں گے۔ ڈاکٹر جابر حمزہ معاون کوآرڈینیٹر ہیں۔ آئی ایم سی یوٹیوب چینل پر پروگرام کو راست نشر کیا جائے گا۔

رہنمائے دکن

1 5 MAR 2022

راشٹریہ سہارا

## اسماء سلطانہ کو مینجمنٹ میں پی ایچ ڈی

حیدرآباد 14/ مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ مینجمنٹ و



کامرس کی اسکالر اسماء سلطانہ دختر محمد عارف (مرحوم) کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ”کیش لیس (بلا نقدی) معیشت کی طرف گاہکوں کا ادراک۔ ادائیگی بینکوں کا مطالعہ“ ڈاکٹر شیخ قمرالدین، اسسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 3/ فروری 2022 کو منعقد ہوا تھا۔

RD

## اسماء سلطانہ کو مینجمنٹ میں پی ایچ ڈی



**حیدرآباد۔ (پریس نوٹ)** مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ مینجمنٹ و کامرس کی اسکالر اسماء سلطانہ دختر محمد عارف (مرحوم) کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنا مقالہ ”کیش لیس (بلا نقدی) معیشت کی طرف گاہکوں کا ادراک۔ ادائیگی بینکوں کا مطالعہ“ ڈاکٹر شیخ قمرالدین، اسسٹنٹ پروفیسر کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 3/ فروری 2022 کو منعقد ہوا تھا۔

RS

Andhra Jyothy

## ఆస్మాసుల్తానాకు మనూ పీహెచ్‌డీ



హైదరాబాద్ సిటీ, మార్చి 14 (ఆంధ్రజ్యోతి): క్యాష్‌లెస్ ఎకానమీపై పరిశోధన పత్రాన్ని సమర్పించిన విద్యార్థిని ఆస్మా సుల్తానాకు మౌలానా ఆజాద్ నేషనల్ ఉర్దూ యూనివర్సిటీ పీహెచ్‌డీ ప్రకటించింది. డిపార్ట్‌మెంట్ ఆఫ్ మేనేజ్‌మెంట్ అండ్ కామర్స్ అసిస్టెంట్ ప్రొఫెసర్ డాక్టర్ షేక్ కమ్రుద్దీన్ పర్యవేక్షణలో క్యాష్‌లెస్ ఎకానమీపై ప్రజల అభిప్రాయం, పేమెంట్ బ్యాంకులపై ఆమె పరిశోధన పత్రాన్ని సమర్పించారు.

Aj

Sakshi

## ఆస్మా సుల్తానాకు పీహెచ్‌డీ

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలో మేనేజ్‌మెంట్ కోర్సులో పరిశోధక విద్యార్థిని ఆస్మా సుల్తానాకు పీహెచ్‌డీ ప్రకటించారు. 'క్యాష్‌లెస్ ఎకానమీ వైపు కస్టమర్స్ పర్సెప్షన్–ఏ స్టడీ ఆఫ్ పేమెంట్ బ్యాంక్స్' అనే అంశంపై మేనేజ్‌మెంట్ అండ్ కామర్స్ విభాగం అసిస్టెంట్ ప్రొఫెసర్ షేక్ ఖమ్రుద్దీన్ పర్యవేక్షణలో ఆమె పరిశోధన చేశారు. ఈ సందర్భంగా ఆమెను పలువురు ఫ్యాకల్టీ ప్రతినిధులు, విద్యార్థులు అభినందించారు.



'మనూ' విద్యార్థిని ఆస్మా సుల్తానా

15 MAR 2022

رہنمائے دکن

# کلیات فارسی راجہ چندولال شادان کی اشاعت واجرائی

حیدرآباد۔14/مارچ (پریس نوٹ) دکن کی سرزمین کے مشہور و معروف شاعر چندولعل شادان کی ''کلیات فارسی راجہ چندولعل شادان'' کی اشاعت عمل میں آئی ہے۔ اس کی ترتیب و تدوین پروفیسر شیخ اشتیاق احمد، رجسٹرار، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی نے کی ہے۔ چندولعل شادان جو اردو اور فارسی کے شاعر بھی تھے صاحب تصانیف بھی۔ ان کے فارسی دیوان کے دو ضخیم مخطوطے سالار جنگ میوزیم میں محفوظ ہیں جن کی ابھی تک اشاعت نہیں ہوئی تھی۔ یہ دونوں دیوان نعت، منقبت، غزلیات، رباعیات اور مثنویات پر مشتمل ہیں اور یہ کلیات اسی پر مشتمل ہے 268 صفحات پر مشتمل دیوان جو راجکماری اندرا دیوی دھن راجگیر کی سرپرستی میں منظر عام پر آیا ہے اور پروفیسر سید عین الحسن عابدی، شیخ الجامعہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد کے نام معنون ہے۔ اسے مقدمہ کے ساتھ تنویر پبلشر، حیدرآباد سے جنوری 2022 میں شائع کیا گیا ہے۔ شعبۂ فارسی، مانو کے زیر اہتمام اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے اشتراک سے دکن کی مشہور و معروف شخصیت راجہ دھن راجگیر سے موسوم دوسرے یادگاری خطبہ 16 مارچ 2022 کو 12:00 بجے دن آئی ایم سی اسٹوڈیو میں منعقد کیا جارہا ہے۔ اس لیکچر کے موقع پر اس کلیات کا رسم اجرا عمل میں آرہا ہے۔ اس کے علاوہ یادگاری خطبہ کے موقع پر پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی کی ایک اور کتاب ''فارسی دیوانِ ملا وجہی'' کا رسم اجراء بھی عمل میں آئے گا۔

RD

راشٹریہ سہارا

# کلیات فارسی راجہ چندولال شادان کی اشاعت واجراء

**حیدرآباد (پریس نوٹ)** دکن کی سرزمین کے مشہور و معروف شاعر چندولعل شادان کی ''کلیات فارسی راجہ چندولعل شادان'' کی اشاعت عمل میں آئی ہے۔ اس کی ترتیب و تدوین پروفیسر شیخ اشتیاق احمد، رجسٹرار، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، صدر شعبۂ فارسی نے کی ہے۔ چندولعل شادان اردو اور فارسی کے شاعر تھے اور صاحب تصانیف بھی۔ ان کے فارسی دیوان کے دو ضخیم مخطوطے سالار جنگ میوزیم میں محفوظ ہیں جنکی ابھی تک اشاعت نہیں ہوئی تھی۔ یہ دونوں دیوان نعت، منقبت، غزلیات، رباعیات اور مثنویات پر مشتمل ہیں اور یہ کلیات اسی پر مشتمل ہے۔ 268 صفحات پر مشتمل کلیات جو راجکماری اندرا دیوی دھن راجگیر کی سرپرستی میں منظر عام پر آیا ہے تنویر پبلشر، حیدرآباد سے جنوری 2022 میں شائع کیا گیا ہے۔

15 MAR 2022

اعتماد

## 15 مارچ کو مانو ماڈل اسکول فلک نما حیدرآباد میں قومی سمینار کا انعقاد

حیدرآباد ۔ 14 مارچ ۔(راست) قومی سمینار کے کوارڈینیٹر ڈاکٹر فہیم اشرف کی اطلاع کے بموجب مولانا آزاد اُردو یونیورسٹی ماڈل اسکول بہ اشتراک قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کی جانب سے ایک روزہ قومی سمینار "بدلتے ہوئے منظرنامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل، چیلنجز اور امکانات" 15 مارچ منگل بوقت 11 بجے دن تا 5 بجے شام تک سمینار ہال مانو ماڈل اسکول فاطمہ نگر فلک نما میں منعقد ہوگا بعد ازیں اس کے دو اہم تکنیکی اجلاس ہوں گے۔ اختتامی پروگرام شام چار بجے منعقد ہوگا جس میں شرکاء کو توصیفی اسنادات دیے جائیں گے۔ یہ سمینار کرونا عالمی وبا سے متاثر تعلیمی نظام اور حالیہ منظرنامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل و وسائل کو دلائل کی روشنی میں سمجھنے اور انہیں منظم، محکم اور مثبت انداز میں حل کرنے میں معاون ثابت ہوگا اور اس قومی سمینار کی صدارت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورٹی کے شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن کریں گے ۔ پروفیسر ایس. ایم. رحمت اللہ ، مہمان خصوصی پروفیسر ایس ۔کے۔ اشتیاق احمد، پروفیسر فاروق بخشی اختتامی اجلاس کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر فیض احمد، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی ، ڈاکٹر آلوک کمار گپتا، ڈاکٹر ارشد خان پر، ڈاکٹر مظفر اسلام، احمد منیب شرکت کریں گے۔ استقبالیہ اور افتتاحی کلمات سمینار کنوینر ڈاکٹر کفیل پیش کریں گے۔

E

رہنمائے دکن

## آج مانو ماڈل اسکول فلک نما میں قومی سمینار کا انعقاد

حیدرآباد۔14 مارچ (راست) قومی سمینار کے کوارڈینیٹر ڈاکٹر فہیم اشرف کی اطلاع کے بموجب مولانا آزاد اُردو یونیورسٹی ماڈل اسکول بہ اشتراک قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کی جانب سے ایک روزہ قومی سمینار ''بدلتے ہوئے منظرنامہ میں آن لائن درس وتدریس کے مسائل، چیلنجز اور امکانات'' بتاریخ 15 مارچ بروز منگل بوقت 11 بجے دن تا 5 بجے شام تک بمقام سمینار ہال مانو ماڈل اسکول فاطمہ نگر فلک نما حیدرآباد میں منعقد ہوگا بعد ازیں اس کے دو اہم تکنیکی اجلاس ہوں گے۔ اختتامی پروگرام شام چار بجے منعقد ہوگا جس میں شرکاء کو توصیفی اسنادات دیے جائیں گے۔ یہ سمینار کرونا عالمی وبا سے متاثر تعلیمی نظام اور حالیہ منظرنامہ میں آن لائن درس و تدریس کے مسائل و وسائل کو دلائل کی روشنی میں سمجھنے اور انہیں منظم، محکم اور مثبت انداز میں حل کرنے میں معاون ثابت ہوگا اور اس قومی سمینار کی صدارت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شیخ الجامعہ پروفیسر سید عین الحسن صاحب فرمائیں گے۔ مہمان ذی وقار پروفیسر ایس.ایم. رحمت اللہ نائب شیخ الجامعہ مانو، مہمان خصوصی پروفیسر ایس ۔ کے۔ اشتیاق احمد رجسٹرار مانو، پروفیسر فاروق بخشی اختتامی اجلاس کے مہمان خصوصی ہوں گے ۔ مہمانِ اعزازی پروفیسر فیض احمد پرنسپل مانو سی ای ٹی دربھنگہ، پروفیسر محمد عبدالسمیع صدیقی ڈائرکٹر CPDUMT مانو حیدرآباد، ڈاکٹر آلوک کمار گپتا، ریجنل ڈائرکٹر NIOS حیدرآباد، ڈاکٹر ارشد خان پرنسپل مانو ماڈل اسکول نوح، ہریانہ، ڈاکٹر مظفر اسلام پرنسپل ماڈل اسکول دربھنگہ، احمد منیب اُردو آفیسر وزرات تعلیم حکومت تلنگانہ شرکت فرمائیں گے۔ استقبالیہ اور افتتاحی کلمات سمینار کنوینر ڈاکٹر کفیل احمد پرنسپل ماڈل اسکول پیش کریں گے۔ شہر حیدرآباد اور بیرون حیدرآباد سے بڑی تعداد میں مقالہ نگار حضرات اپنے تحقیقی مقالے پیش کریں گے۔

RD